# اودھ نامہ

## ایسوسی ایشن آف پروٹکشن فار سول رائٹس

خودساختہ جسٹس کی جو شروعات 2017 میں اتر پردیش سے ہوئی تھی، اس نے ملک کے ایک بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا اور ایک طرح سے یہ روایت بن گئی تھی کہ حکومت جس سے ناراض ہوئی اس کے آشیانے پر بلڈوزر چلا کر اس کو اور اس کے تمام اہل خانہ کو پلک جھپکتے سڑک پر پہنچا دیا۔ کہنے کو کہا گیا کہ جس نے ناجائز طریقے سے مکان یا دکان بنائی ہے اسے گرایا جارہا ہے لیکن حقیقتاً اس کارروائی میں ایک خاص طبقہ کے خلاف دشمنی کی جھلک صاف محسوس کی جارہی تھی۔ لہٰذا ووٹوں کو متحد کرنے کے لیے انتخابی ریلیوں میں بلڈوزر ریلیاں نکالی جانے لگیں۔ اس سے یہ تاثر ملتا تھا کہ اب قانون کا نام بلڈوزر ہے یا بلڈوزر کا نام قانون ہے۔

حکمرانوں کی آنکھوں کا پانی مرگیا اور افسران بے حسی کے دریا میں ڈوب گئے۔ انھیں راتوں رات بے گھر ہونے والے بچوں ار کواتین پر ترس نہیں ایا وہ بس من مانی کرنے اتارو ہو گئے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں اور انصاف پسند طبقات کی جانب سے اس کے خلاف آوازیں اٹھائی جاتی رہیں۔ لہٰذا پہلے جمعیۃ علما ہند نے سپریم کورٹ میں اس کے خلاف اپیل کی اور پھر انسانی حقوق کی ایک تنظیم ایسوسی ایشن آف پروٹکشن فار سول رائٹس (اے پی سی آر) نے اس معاملے میں انٹروینشن پٹیشن داخل کی۔ دراصل ابھی تک کوئی بھی متاثر شخص خوف کی وجہ سے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے کی ہمت نہیں کر پار ہا تھا لیکن اے پی سی آر کی کوششوں سے دو متاثرین (مدھیہ پردیش) کے محمد حسین اور ادے پور (راجستھان) کے راشد خان نے حوصلہ دکھایا اور سامنے آئے تبھی اے پی سی آر نے ان کی جانب سے سپریم کورٹ میں رٹ پٹیشن داخل کی۔ عدالت نے اسی پر سماعت کے بعد تاریخی فیصلہ سنایا۔ جبکہ اردو میڈیا میں بالخصوص صرف اور صرف جمعیۃ علما ہند کا نام لیا جارہا ہے۔ کہ اسی کی رٹ پر یہ تاریخی فیصلہ سنایا گیا ہے۔ متاثرین کے ڈر کی وجہ سے عدالت نہ جانے کےسبب بلڈوزر کارروائی کے خلاف مفاد عامہ کی عذرداری (پی آئی ایل) داخل کی جاتی تھی۔ لیکن ان دونوں متاثرین کے براہ راست سامنے آنے کی وجہ سے پہلی بار رٹ پٹیشن داخل ہوئی اور اے پی سی آر نے ان کے لیے سہولت کار کا کردار ادا کیا۔

واضح رہے کہ اتر پردیش کے پریاگ راج (الہ آباد)، کانپور، علی گڑھ اور مدھیہ پردیش، راجستھان اور مہاراشٹر سمیت متعدد ریاستوں میں کسی احتجاج میں شرکت کرنے والوں یا پولیس کے ساتھ تصادم میں شامل رہنے والوں کے مکانات منہدم کیے گئے۔ مدھیہ پردیش کے چھتر پور میں یتی نرسنگھانند کے خلاف احتجاج کے دوران تشدد بھڑک جانے کے بعد حاجی شہزاد کی کروڑوں کی عمارت کو منہدم کر دیا گیا۔ ادے پور میں ایک نابالغ مسلم طالب علم کے ہاتھوں مبینہ طور پر ایک غیر مسلم طالب علم کی ہلاکت کے بعد اس کے کرائے کے مکان کو منہدم کر دیا گیا۔ الہ آباد میں نپور شرما کے خلاف احتجاج میں شرکت کرنے کی وجہ سے جاوید محمد کے مکان کو منہدم کر دیا گیا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے فروری میں اپنی ایک رپورٹ میں کہا تھا کہ بی جے پی کی اقتدار والی ریاستوں اور عام آدمی پارٹی کی حکومت والی ایک ریاست میں اپریل سے جون 2022 کے درمیان مجموعی طور پر 128 تعمیرات کو مسمار کیا۔ ایک دوسری میڈیا رپورٹ کے مطابق دہلی میں ایک مسجد، اتراکھنڈ میں ایک مدرسہ، آسام میں بنگالی بولنے والے ہزاروں مسلمانوں کی جھونپڑیوں اور مدھیہ پردیش میں بیف کی اسمگلنگ کے الزام میں 11 مکانات کو مسمار کر دیا گیا تھا۔ جبکہ گزشتہ سال اگست میں ہریانہ کے نوح علاقے میں ہندو مذہب کی ایک یاترا کے دوران تشدد کے بعد انتظامیہ نے پانچ روز تک انہدامی کارروائی کرتے ہوئے 1208 عمارتوں اور ڈھانچوں کو مسمار کر دیا۔ تقریباً تمام املاک مسلمانوں کی تھیں۔ محمد شہود نامی ایک شخص کی چار ہزار سے زائد مربع فٹ نجی زمین پر تعمیر 18 دکانوں کو غیر قانونی قرار دے کر منہدم کیا گیا تھا مہاراشٹر کے شہر کولہاپور میں مسلمانوں اور ہندوؤں میں ٹکراو کے بعد انتظامیہ نے مسلم ملکیت والی 60 سے 70 املاک کو بلڈوزر سے مسمار کر دیا تھا جس پر ہائی کورٹ نے ناراضی ظاہر کی تھی اور اس کارروائی کو روکنے کا حکم دیا تھا۔ بہر حال دیر آید درست آید کہ سپریم کورٹ نے دستور کی دفعہ 142 کے تحت اپنے اختیارِ خصوصی کا استعمال کرتے ہوئے انہدامی کارروائی کو غیر آئینی قرار دیا ہے اور اس کے لیے رہنما ہدایات جاری کی ہیں جو تمام اخبارات اور دیگر میڈیا کے توسط سے سبھی باخبر ہیں۔

بلاشبہ یہ ایک تاریخی فیصلہ ہے اور اس کی بڑے پیمانے پر ستائش ہو رہی ہے اور خیر مقدم کیا جارہا ہے۔ لیکن جن لوگوں کے مکانات توڑ دیے گئے ان کو ابھی انصاف نہیں ملا ہے۔ عدالت کو چاہیے تھا کہ ان لوگوں کو معاوضہ دینے کی ہدایت دیتی۔ اور جن لوگوں نے یہ کاروائی انجام دی ان پر مقدمہ قائم کیا جاتا اور انھیں قرار واقعی سزا دی جاتی۔ اس فیصلہ سے یہ تو ضرور ہوا ہے کہ ایک امید بندھی ہے کہ آئندہ اب کسی بھی ریاست میں اس تعلق سے کوئی لاقانونیت کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا لیکن ہزاروں لوگ جو اس لاقانونیت کا شکار ہوئے ہیں ان کو کیا ملا اور کھلے عام داداگیری کرتے ہوئے جن لوگوں نے یہ ظلم ڈھایا انھیں کیا سزا ملی۔

یہ سوال ضرور نہ صرف متاثرین کے ذہنوں میں پیدا ہوتا ہے بلکہ ایک عام شہری کا ذہن بھی اس حوالے سے سوچنے پر مجبور ہے کہ کیا انصاف مکمل ہوا ہے۔ اتر پردیش حکومت کے ردعمل بھی عجیب وغریب ہے اس نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر مسرت کا اظہار صرف اس لئے کیا ہے کہ اس مقدمہ میں اس کے مطابق صرف دہلی کو حکومت کو فریق بنایا گیا تھا۔ کیا یہ سمجھا جائے کہ سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ صرف دہلی کی حدوں تک ہی محدود ہے۔ ہرگز نہیں یہ فیصلہ پورے ہندوستان پر نافذ ہوگا اس کے دائرے میں صرف دہلی نہیں بلکہ پورا ہندوستان ہے۔ اور جو رہنما خطوط جاری جنے گئے ہیں ان کا نفاذ پورے ہندوستان پر ہوتا ہے نہ کی صرف دہلی کی سرحدوں پر۔

## پانچ سو سالہ قدیم مقبرے کی بے حرمتی

معصوم مرادآبادی



اگر سرکاری مشنری آپ کے ساتھ ہے تو آپ ایک پانچ سو سالہ قدیم تاریخی مقبرے کے آثار مٹا کر اس میں اپنا دفتر قایم کرسکتے ہیں، لیکن اگر یہی مشنری آپ کی مخالف ہے تو آپ اس مقبرے کے باہر کھڑے ہوکر فاتحہ خوانی بھی نہیں کر سکتے ۔ یہ کوئی افسانہ طرازی نہیں، بلکہ ایک واقعہ ہے، جس پر سپریم کورٹ نے سخت ایکشن لیا ہے۔

جنوبی دہلی کی ڈیفنس کالونی میں یوں تو بہت مہنگی کوٹھیاں ہیں اور ان کوٹھیوں میں ان سے زیادہ مہنگے لوگ رہتے ہیں، لیکن ان ’غریبوں‘ کے پاس اتنے پیسے نہیں ہیں کہ وہ اپنی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے دفتر کے لیے کوئی جگہ خرید سکیں، لہٰذا انھوں نے اس کام کے لیے وہاں موجود لودھی عہد کے ایک پانچ سو سالہ قدیم مقبرے پر قبضہ کرکے پہلے اس کے آثار مٹائے اور پھر اس میں اپنا دفتر قایم کرلیا۔ کئی بار اس ناجائز قبضے کی خبریں اخباروں میں بھی آئیں لیکن کسی کے کانوں پر جوں نہیں رینگی، یہاں تک کہ اس محکمہ آثار قدیمہ کے کانوں پر بھی نہیں، جو دہلی میں تمام تاریخی عمارتوں کے رکھ رکھاؤ پر مامور ہے۔ یہ وہی محکمہ آثار قدیمہ ہے جو دہلی کی تاریخی مسجدوں میں محض اس لیے نماز پڑھنے کی اجازت نہیں دیتا کہ نمازی ان کی ہیئت تبدیل کردیں گے، مگر وہ ایک مہنگی کالونی کے مکینوں کو اس بات کی کھلی اجازت دیتا ہے کہ وہ ایک قدیم تاریخی مقبرے کا تالا توڑ کر وہاں موجود قبر کو مسمار کرکے مقبرے پر قبضہ کرلیں اور اپنا دفتر چلانے کے لیے اس کا حلیہ بگاڑ دیں۔ واضح رہے کہ دہلی میں مسلم عہد حکومت کی ایسی ایک ہزار عمارتیں محکمہ آثار قدیمہ کی مجرمانہ غفلت کے نتیجے میں اب تک نابود ہوچکی ہیں۔

جی ہاں یہ داستان جنوبی دہلی کی ڈیفنس کالونی میں واقع شیخ علی کے مقبرے کی ہے، جو پانچ سو سالہ قدیم ہے، مگر محکمہ آثار قدیمہ کو اس کی تاریخی حیثیت سے کوئی سروکار نہیں ۔ نہ ہی آس پاس کے مسلمانوں کو اپنی مٹتی ہوئی تاریخ اور تہذیب سے کچھ لینا دینا ہے، کیونکہ وہ اس سے زیادہ ضروری کاموں میں مشغول ہیں۔ اسی لیے اس مقبرے پر ناجائز قبضے کے خلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے والے شخص کا نام راجیو سوری ہے۔ انھوں نے پہلے اس معاملے میں ہائی کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا تھا، جب وہاں ان کی نہیں سنی گئی تو وہ سپریم کورٹ گئے، جہاں سے انھیں انصاف ملنے کی پوری امید ہے۔ سپریم کورٹ نے مقبرے پر ناجائز قبضہ کرنے والی ڈیفنس کالونی ویلفیئر ایسوسی ایشن کو ایسی پھٹکار لگائی ہے کہ اگر اس کے کرتا دھرتا غیرت دار ہوتے تو چلّو بھر پانی میں ڈوب مرتے۔

جو لوگ دہلی کی قدیم تاریخ اور تہذیب سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کے لیے یہ خبر زیادہ حیرت انگیز نہیں ہے کیونکہ یہاں آئے دن ایسا ہوتا رہتا ہے۔ ان عمارتوں کی دیکھ بھال اور اصل ہیئت کو برقرار رکھنے کی ذمہ داری جس محکمہ آثار قدیمہ کو سونپی گئی ہے، اس کے ذمہ داران ہی ان عمارتوں کو غلامی کی نشانیاں تصور کرتے ہیں اور یہی ان عمارتوں سے ان کے سلوک کا پیمانہ بھی ہے۔ راقم کو ان تاریخی عمارتوں سے ہمیشہ ایک لگاؤ رہا ہے۔ خاص طور پر دہلی میں موجود ان مسجدوں اور مقبروں سے جن کی تعمیر مسلم حکمرانوں نے بڑے چاؤ سے کرائی ہے۔ محکمہ آثار قدیمہ ان مسجدوں اور مقبروں پر تو نظر رکھتا ہے جہاں سیاحوں کو تانتا بندھا رہتا ہے اور جہاں سے اسے موٹی کمائی ہوتی ہے۔ دہلی کے ان مقبروں میں سب سے حسین مقبرہ مغل بادشاہ ہمایوں کا ہے، جس کی تعمیر تاج محل کے طرز پر کی گئی ہے۔ یہاں ہر وقت سیاحوں کا ہجوم رہتا ہے۔ اس لیے اس کی دیکھ بھال بھی خوب کی جاتی ہے۔ بھلا ہو آغا خان فاؤنڈیشن کا، جس نے ہمایوں کے مقبرے اور اس کے آس پاس کے تاریخی آثاروں کی جدید کاری اور مرمت پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا ہے۔ آغا خان فاؤنڈیشن اگر بروقت یہ کام نہیں کرتا تو اب تک ان میں سے بھی کئی آثار زمیں دوز ہوچکے ہوتے۔

المیہ یہ بھی یہ ہے دہلی کے قلعوں اور مقبروں کے اردگرد موجود قدیم مسجدوں میں کسی مسلمان کو سجدہ ریز ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ البتہ یہاں ٹکٹ لے کر داخل ہونے والے عیش پرست جوڑوں کو جوتوں سمیت مسجدوں میں داخل ہوکر فحش حرکتیں اور بوس وکنار کی کھلی اجازت ہے۔ ان میں سب سے تکلیف دہ صورتحال پرانے قلعہ میں موجود مسجد قلعہ کہنہ کی ہے، جسے 1451 میں شیر شاہ سوری نے تعمیر کرایا تھا۔ اپنے طرز تعمیر اور خوبصورتی کے اعتبار سے منفرد اس مسجد میں سیاحوں کو کھلے عام جوتوں سمیت گھومتے پھرتے اور اس کے کونوں میں بوس وکنار کرتے دیکھا جاسکتا ہے، لیکن اگر کوئی مسلمان یہاں نماز پڑھنے کی جرات کرلے تو اس ’سنگین جرم‘ کی پاداش میں اسے جیل کی ہوا بھی کھانی پڑسکتی ہے کیونکہ ان قدیم تاریخی مسجدوں میں نماز کی اجازت نہیں ہے۔

مجھے اپنی صحافتی زندگی کے ابتدائی ایام کا وہ واقعہ یاد ہے جب سرکردہ مسلم قائدین نے جن میں سید شہاب الدین، ابراہیم سلیمان سیٹھ اور مولانا سید احمد ہاشمی جیسے لوگ شامل تھے، آنجہانی اندرا گاندھی سے ملاقات کرکے دہلی کی تاریخی مسجدوں میں نماز کی اجازت حاصل کرنے کے لیے ملاقات کی تھی۔ ابتدائی حیل حجت کے بعد اندرا گاندھی ان میں سے بعض مسجدوں میں نماز جمعہ کی اجازت دینے پر راضی ہوگئی تھیں۔ اس سلسلے میں محکمہ آثار قدیمہ اور مسلم قائدین کے درمیان 1980 میں ایک معاہدہ بھی ہوا تھا، جس کے تحت چنندہ مسجدوں میں نماز جمعہ کی اجازت دی گئی تھی، ان میں مسجد ابوالمنصور بھی شامل تھی، جو صفدر جنگ مقبرے میں واقع ہے۔ اس مسجد میں نماز جمعہ کے لیے مولانا نواب الدین نقشبندی ہر جمعہ کو چٹائیاں اور وضو کا سازوسامان لے کر وہاں جاتے اور نماز جمعہ ادا کراتے تھے، درمیان میں پولیس نے کئی بار رکاوٹیں بھی ڈالیں مگر وہ تاحیات یہ کام کرتے رہے مگر ان کے انتقال کے بعد یہ سلسلہ ٹوٹ بھی گیا۔ جن دیگر تاریخی مسجدوں میں نماز جمعہ کی ادائیگی کی اجازت دی گئی تھی، وہاں بھی یہی حال ہوا۔ پچھلے دنوں نئی دہلی میونسپل کارپوریشن نے مہرولی میں قطب مینار کے نزدیک ایک مسجد میں تالا ڈال دیا تھا جہاں برسوں سے پنج وقتہ نماز ہورہی تھی۔ مسجدوں اور مقبروں کے ساتھ محکمہ آثار قدیمہ اور سرکاری مشنری جو سوتیلا سلوک کررہی ہے، اس کی بدترین مثال ڈیفنس کالونی میں واقع شیخ علی کا مقبرہ ہے، جس پر سپریم کورٹ نے ویلفیئر ایسوسی ایشن کو زبردست لتاڑ لگائی ہے۔

عدالت عظمیٰ نے ایسوسی ایشن سے جب یہ پوچھا کہ ’تمھیں وہاں داخل ہونے کی ہمت کیسے ہوئی؟‘ تو ان کے وکیل نے کہا کہ ”اگر ہم ایسا نہیں کرتے تو سماج دشمن عناصر وہاں قبضہ کرلیتے۔“ اس پر عدالت نے مزید سخت رویہ اپناتے ہوئے کہا کہ ”یہ انگریز سامراج جیسی دلیل ہے کہ اگر ہم ہندوستان نہ آتے تو نہ جانے اس ملک کا کیا ہوتا۔“

واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے اس معاملے کی سی بی آئی تحقیقات کا حکم دیا تھا۔ سی بی آئی نے بھی اپنی رپورٹ میں محکمہ آثار قدیمہ کو اس کے لیے موردالزام ٹھہرایا۔ سی بی آئی نے جسٹس احسن الدین امان اللہ اور جسٹس سدھانشو دھولیا کی بنچ کو یہ بھی بتایا کہ ’نئی دہلی میونسپل کارپوریشن اس مقبرے کے اردگرد شاپنگ پلازہ اور کثیر منزلہ پارکنگ تعمیر کرنے کی سازش کررہی ہے۔ یہ ہے مسلم عہد حکومت کی تعمیر شدہ تاریخی عمارتوں کے ساتھ محکمہ آثار قدیمہ اور سرکاری مشنری کے سوتیلے سلوک کا ایک منظر، جو مسلمانوں کے ساتھ موجودہ حکومت کے سلوک کے عین مطابق ہے۔☆

## بدلتے بھارت کی بدلتی تصویر

جیا ورما سنہا



تنوعات سے بھرا ہمارا ملک بے حد منفرد ہے۔ یہاں چیزوں کو ایک مختلف نقطہ نظر سے دیکھنے کی ایک طویل روایت رہی ہے۔ ہمارے لیے گنگا اور گوداوری صرف ندیوں کے نام نہیں ہیں، یہ زندگی بخشنے والی ماں کے مترادف ہیں۔ موسیقی صرف کانوں کو سرور بخشنے کا ذریعہ نہیں ہے، یہ دھنوں کی مشق کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ اسی طرح ہم اہل وطن کے لیے ہندوستانی ریلوے محض ایک انجن اور ڈیڑھ درجن ڈبوں سے لیس ٹرین نہیں ہے، بلکہ گھر اور خاندان سے دور روزی روٹی کمار ہے ہمارے مزدوروں، کسانوں، فوجیوں اور کروڑوں شہریوں کا اپنے اہل خانہ اور پیاروں کے ساتھ جذباتی رشتوں کو جوڑتا ایک پل ہے۔ ہماری ٹرینیں صرف مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک چلنے والی پٹریوں پر نہیں چلتی ہیں بلکہ ان سے ہوکر رشتوں کے جذبات گزرتے ہیں۔ عظیم ہندوستان کے تنوع کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہندوستانی ریل، حکومت ہند کی نمائندہ بھی ہے اور ہم وطنوں کی امنگوں کی علامت بھی ہے!

ان امنگوں کا امتحان ہر سال تہوار کے موسم میں ہوتا ہے، جب اپنے خاندانوں سے دور رہنے والے کروڑوں ہم وطن اپنے گھروں کو لوٹتے ہیں۔ میٹروپولیٹن زندگی کی گمنامی میں ایک سال کی محنت کے بعد یہ محنتی لوگ اپنے پیاروں سے ملنے کی امید کے ساتھ ایک بڑے گروپ میں ٹرین کے سفر پر روانہ ہوتے ہیں۔ تعداد اتنی زیادہ کہ اگر آپ نے اس ماحول میں کبھی کام نہ کیا ہو تو دیکھتے ہی ہاتھ پاؤں پھول جائیں۔ اور اگر بات تہوار اور خاص دنوں میں امنڈتے عوامی سیلاب کی ہو تو صرف ریل سے بات نہیں بنتی۔ آپ کو ریلوے اسٹیشن پر آنے والے لوگوں کی مناسب رہائش، ٹکٹوں کی خریداری، کھانے پینے وغیرہ کی فراہمی کو بھی یقینی بنانا ہوگا۔ اس کے لیے ریلوے افسران اور ملازمین کے علاوہ ہمیں رضاکارانہ تنظیموں کا تعاون بھی حاصل ہے۔ ہندوستانی ریلوے انتظامیہ کے پاس کروڑوں مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچنے میں مدد کرنے کا کئی دہائیوں کا تجربہ ہے، لیکن اب اس تجربے کو بتدریج خوشگوار بنانے کی تمام کوششیں کی جارہی ہیں۔


اگر کبھی غیر ملکی مہمانوں سے اس موضوع پر بات کی جائے تو وہ دانتوں تلے انگلیاں دبا لیتے ہیں۔ ٹریفک مینجمنٹ کا علم رکھنے والے بہت سے دوست یہ سن کر حیران ہوتے ہیں کہ تہواروں کے دوران ریلوے نے ایک لاکھ ستر ہزار ٹرینوں کے پھیروں کے علاوہ سات ہزار سات سو اسپیشل ٹرینیں چلائی ہیں۔ اب آپ، سورت کے قریب واقع صنعتی شہر اودھنا کو ہی لے لیں۔ یہاں کے ریلوے اسٹیشن سے روزانہ اوسطاً سات سے آٹھ ہزار مسافروں کی آمدورفت ہوتی ہے۔ 4 نومبر کو اس چھوٹے سے اسٹیشن پر چالیس ہزار سے زیادہ کا ہجوم جمع ہوا۔ اگر ریلوے انتظامیہ ٹیم بن کر کام کرتے ہوئے مناسب انتظامات نہ کرتی تو مسافروں کی مشکلات کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا۔ تہوار کے دوران ملک بھر میں سب سے زیادہ آمدورفت نئی دہلی اسٹیشن سے ہوئی۔ اس عرصے کے دوران، مسافروں کی مانگ پر صرف اس اسٹیشن سے ایک دن میں 64 خصوصی اور 19 بغیر ریزرویشن کی ٹرینیں چلائی گئیں۔

غیر ملکی مہمانوں سے بھرے مجمع میں جب تہواروں کے دوران ریل کے سفر پر بات ہوئی تو ایک سفارت کار یہ سن کر دنگ رہ گئے کہ اس سال صرف چھٹھ تہوار کے موقع پر 4 نومبر کو تقریباً 3 کروڑ لوگوں نے ٹرین کے ذریعے اپنی منزلوں کی طرف سفر کیا اور ان دنوں ریلوے نے تقریباً 25 کروڑ مسافروں کو سفر کرنے میں مدد کی تھی۔ متعلقہ سفارت کار نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا کہ پاکستان کی کل آبادی سے زیادہ لوگوں نے تو محض کچھ دنوں میں ہی آپ کی ٹرینوں میں سفر کیا!

ہندوستانی ریلوے کو احساس ہے کہ ہمارے بھائی اور بہنیں، جو ملک کے مشرقی حصوں سے صنعتی مراکز میں بڑی تعداد میں کام کر رہے ہیں، ان کا ملک کی ترقی میں اہم کردار ہے۔ جموں کی اٹل ٹنل سے لے کر ممبئی کے سی لنک تک، اور بنگلور کے آئی ٹی اداروں سے لے کر دہلی کی زیر تعمیر عمارتوں تک، مشرق کی مٹی میں رچے بسے لوگوں نے انہیں اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے۔ ملک کی سرحدوں پر تعینات آرمی ہو یا باڈر سیکیورٹی فورس کے اہلکار، پنجاب کے کھیتوں میں فصل اگانے والے مزدور، سرکاری دفاتر اور نجی اداروں میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین، بزرگ ہوں یا ملک کے نامور تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلبا، یہ سب اپنے اپنے طریقوں سے آج اور آنے والے کل کے ہندوستان کی تشکیل کر رہے ہیں۔ ہندوستانی ریلوے نے وندے بھارت، امرت بھارت، نمو بھارت جیسی ٹرینوں کو جدید ٹیکنالوجی اور سہولیات سے آراستہ کرکے اور ملک بھر کے ایک ہزار سے زیادہ ریلوے اسٹیشنوں کو امرت اسٹیشنوں میں تبدیل کر کے ایک نئے اور عالمی معیار کے سفر کا آغاز کیا ہے۔ بدلتے ہوئے ہندوستان کی بدلتی ہوئی تصویر اب ہندوستانی ریلوے کی شکل میں ابھرنے لگی ہے۔ جیا ورما سنہا ہندوستانی ریلوے کی پہلی خاتون چیئرمین اور سی ای او رہی ہیں۔

## ٹرمپ کی فتح اور کملا کی شکست کے اسباب؟

ڈاکٹر سلیم خان



ڈونلڈ ٹرمپ کو ان کی غیر معمولی کامیابی پر دنیا بھر کے رہنماوں نے مبارکباد کا پیغام بھیجا مگر ان میں سب سے اہم موجودہ صدر جو بائیڈن کی نہایت کشادہ دلی کے ساتھ دی جانے والی تہنیت ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کامیابی میں کیڑے نکالنے کے بجائے اسے منصفانہ اور شفاف قرار دیتے ہوئے اقتدار کی پرامن منتقلی کو یقینی بنانے کا وعدہ کیا۔ جو بائیڈن کے مندرجہ ذیل الفاظ میں ٹرمپ کے ساتھ ساتھ مودی کے لیے بھی درسِ عبرت ہے کہ ”آپ اپنے ملک سے صرف اس وقت ہی محبت نہیں کرتے جب آپ فتح یاب ہوتے ہیں۔ آپ اپنے ہمسایہ سے صرف اس وقت محبت نہیں کرتے جب آپ ان سے متفق ہوں۔“ یہ سبق کسی خود پسند انسان کی سمجھ میں کبھی نہیں آسکتا۔ کملا حارث کی شکست کے پیچھے کئی وجوہات کارفرما ہیں مگر ان میں ان کا سیاہ فام اور اوپر سے خاتون ہونا سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ یہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ نام نہاد ترقی یافتہ امریکہ میں آج بھی نسل پرستی کا دور دورہ ہے ساتھ ہی خواتین کے تئیں حقارت پائی جاتی ہے۔ اسی لیے پچھلے دنوں (Black lives matter) یعنی ’کالوں کی زندگی اہم ہے‘ نامی تحریک چلانے کی نوبت آئی تھی۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے اسی سفید فام نسلی تفاخر کو اپنے حق میں بھنا کر یہ کامیابی حاصل کی ہے۔ سیاہ فام عوام پر ظلم و جبر کے معاملے میں آزادی و مساوات کا دم بھرنے والے امریکہ کی تاریخ ہندوستان کے منووادی برہمنوں سے بھی بدتر ہے جنھوں نے صدیوں تک ملک کے اصلی باشندوں کو شودر بنا کر ان پر مظالم توڑے۔ 1619ء میں افریقہ کے ساحلوں سے افریقیوں کو جہازوں میں اغوا کرکے امریکہ لانے کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس کاروبار کا نام ”XX افریقیوں کا شکار“ رکھا گیا اور 1898ء تک ایک کروڑ افریقی غلام بنا کر امریکہ لائے گئے۔ دورانِ سفر تشدد، بیماری اور دم گھٹنے سے 20 لاکھ سے زیادہ غلام ہلاک ہوگئے۔ ان افریقیوں میں بحث ومباحثہ یا مزاحمت کرنے والوں کو سرکش غلام کا نام دیا جاتا اور پیروں میں وزن باندھ کر سمندر میں پھینک دیا جاتا تھا۔ ان غلاموں کی فروخت کیلئے ورجینیا‘ کیرولینا اور جارجیا میں غلاموں کی منڈیاں قائم کی گئی تھیں۔ اس زمانے میں سرکشی کرنے والے غلاموں کو ان کے خونی رشتے دار کے ہاتھوں پھانسی دینے کا رواج عام کیا گیا تھا کہ دوسروں کی حوصلہ شکنی ہو۔

وطن عزیز میں جس طرح گاندھی جی کو مسلمانوں کا ہمدرد بتا کر قتل کر دیا گیا اسی طرح کی سزا امریکی صدر ابراہم لنکن کو غلامی کے خاتمے کی جدوجہد میں شمولیت کے لیے دی گئی۔ مارٹن لوتھر کنگ کی جدوجہد کے نتیجے میں امریکی سیاہ فاموں کو ووٹ ڈالنے کا حق تو ملا مگر انہیں بھی موت گھاٹ اتار دیا گیا۔ سو سال کی جدوجہد کے بعد ووٹ دینے کا حق حاصل کرنے والے سیاہ فام طبقہ کو 1955ء میں ملک بھر کے اندر مظاہروں کرنے پڑے تب جا کر امریکی عدالت کا یہ فیصلہ آیا کہ بسوں میں ان کے ساتھ امتیازی سلوک نہ رکا جائے۔ یہ فیصلہ چغلی کھاتا ہے کہ اس وقت تک اور آج بھی کھلے عام ان کو ظلم وستم کا شکار کیا جاتا ہے۔ سیاہ فام امریکی براک حسین اوبامہ کی صدارتی انتخاب میں جیت امریکی تاریخ کا ایک روشن باب ہے مگر اس کے باوجود امریکہ کے اندر لسانی‘ نسلی اور مذہبی اقلیتوں کے ساتھ ناروا سلوک ہنوز جاری ہے اور اسے ہوا دے کر الیکشن جیتنے کی کوشش کامیاب بھی ہوجاتی ہے۔ کملا حارث تو نہ صرف سیاہ فام بلکہ خاتون بھی ہیں اس لیے وہ دوہری تضحیک کا مستحق ٹھہرتی ہیں۔

امریکہ کے اندر تفریق وامتیاز کے واقعات میں محض سماج کے چند مجرم پیشہ انتہا پسند لوگ ملوث نہیں ہوتے بلکہ ۴ سال قبل امریکہ سابق اور اگلے صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر بھی ڈیموکریٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والی خواتین کے خلاف نسل پرستانہ ٹویٹس کرنے کا الزام لگ چکا ہے۔ سابق امریکی صدر نے حسب روایت ڈیموکریٹک پارٹی کی سیاہ فام نسلوں سے تعلق رکھنے والی چار خواتین ارکانِ پارلیمنٹ سے جھڑپ کے بعد اپنے ٹوئٹ میں لکھا تھا کہ اسپیکر نینسی پیلوسی (ان سیاہ فام خواتین کے لیے) جلد از جلد مفت سفری انتظامات کر کے بہت خوش ہوں گی۔ ان خواتین کو واپس جانے‘ کا مشورہ دینے سے قبل ٹرمپ نے کہا تھا کہ ”یہ خواتین دراصل مکمل طور پر تباہ حالی کا شکار ممالک سے آئی ہیں“۔ اس کے جواب میں نینسی پلوسی نے مذکورہ ٹویٹ کو ’غیر ملکیوں سے نفرت پر مبنی‘ قرار دیا تھا۔ اسپیکر نے ٹرمپ کے ’امریکہ کو ایک مرتبہ پھر عظیم بنانے‘ کے نعرے کو دوبارہ سفید فاموں کا ملک بنانے کا منصوبہ بتا کر تنوع کو طاقت واتحاد کے قوت ہونے پر زور دیا تھا۔

امریکی رائے دہندگان نے سیاہ فام کملا حارث سے قبل سفید فام ہیلری کلنٹن پر بھی ڈونلڈ ٹرمپ جیسے نیم پاگل کو ترجیح دے کر یہ عندیہ دے دیا تھا کہ ان کے نزدیک کسی صورت خاتون سربراہ قابلِ قبول نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگلے انتخاب میں ڈیموکریٹک پارٹی نے نہایت نحیف اور ناتواں جو بائیڈن کو میدان میں اتارا تو وہ بھی کامیاب ہوگئے مگر تیز طرار کملا حارث مسترد کردی گئیں۔ امریکہ کے اندر 1920 تک سیاہ فام خواتین تو دور سفید فام عورتوں کو بھی ووٹ دینے کے حق سے محروم رکھا گیا۔ امریکی آئین میں 19 رویں ترمیم سے قبل ووٹنگ حقوق میں صنفی امتیاز کے سبب ووٹ دینے والی خواتین سزا کی مستحق تھیں۔ 1872 کے 22 ویں امریکی صدارتی انتخاب میں سوزن بی انتھنی نامی خاتون کو ووٹ ڈالنے کی سزا دی گئی تھی۔ وہ امریکہ میں حقوقِ نسواں اور ’سفرج موومنٹ‘ کے تحت خواتین کو ووٹ کا حق دینے کے لیے چلائی جانے والی تحریک کی ایک فعال رہنما تھیں۔ ان پر 1872 کے صدارتی الیکشن میں ووٹ ڈالنے کی کوشش کا الزام لگا کر 26 دسمبر 1872 کو نیویارک کی سپریم کورٹ نے 100 ڈالر جرمانہ عائد کیا تھا۔ یہ اور بات ہے کہ انہوں نے اسے نہیں ادا کیا۔ اس کے 150 سال بعد بھی امریکہ خاتون صدر کے لیے ترس رہا ہے۔

’لوٹ کے بدھو گھر پہ آئے‘ والی مشہور مثل نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر پوری طرح صادق آتی ہے کیونکہ وہ قصرِ ابیض کو اپنی جاگیر سمجھتے ہیں اور وہاں سے نکلنے کو علی الاعلان غلطی گردانتے ہیں۔ اپنی حالیہ انتخابی مہم کے اختتام پر انہوں نے پنسلوانیا میں بہانگ دہل کہا تھا کہ انہیں 2021 میں وائٹ ہاؤس چھوڑنے پر افسوس ہے، وہ 2024 کی انتخابی مہم کو اسی طرح ختم کر رہے ہیں جس طرح انہوں نے شروع کیا تھا یہاں سوال یہ پیدا ہوتے ہے کہ جس انتخابی مہم کے اختتام کی بات وہ کررہے تھے اس کا آغاز کب ہوا تھا؟ سچ تو یہ ہے وہ اسی دن شروع ہوگئی تھی جب امریکہ کی تاریخ میں پہلی بار پچھلے انتخابی نتائج کے بعد ٹرمپ کے حامیوں نے امریکی ایوانِ پارلیمان پر حملہ کردیا تھا۔ اس کے نتیجے میں ٹرمپ کے نائب صدر کو حمام میں چھپ کر عقب کے دروازے جان بچانا کر جانا پڑا تھا۔ اس شنیع حرکت پر صدر مملکت نے ان بلوائیوں کی سرزنش کرنے کے بجائے انہیں سراہا تھا۔ ان میں سے آج بھی کئی لوگ جیلوں میں بند ہیں اور خود ٹرمپ بھی مقدمات کے اندر ماخوذ لیکن اب جبکہ ’سیاں بھئے کوتوال تو ڈر کاہے کا‘؟ اس ہنگامہ آرائی کے بعد موصوف چار سالوں تک نہایت پرتشدد، توہین آمیز بیان بازی سے لیس ایک دھمکی آمیز مہم میں مصروفِ عمل رہے اور آخر میں یہاں تک کہہ دیا کہ اس بار تو وہ کسی صورت اپنی شکست کو قبول ہی نہیں کریں گے۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کا مطلب صاف تھا کہ انتخابی نتائج کے بعد اگر پھر سے ان کے مداحوں نے وائٹ ہاوس پر بلہ بول دیا تو وہ ان کے کندھوں پر سوار ہوکر قصرِ ابیض میں داخل ہوجائیں گے اور اس پر قبضہ کرلیں گے۔ اس ناگہانی واردات کا پورا امکان تھا اور اگر ایسا ہوجاتا تو امریکی جمہوریت کی قلعی کھل کر ساری دنیا کے سامنے آجاتی۔ اس سنگین صورتحال کی رونمائی سے بچنے کی خاطر امریکہ کے رائے دہندگان نے کمال دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی کمزوری کو چھپانے کی غرض سے ڈونلڈ ٹرمپ کو کامیاب کرکے بصد احترام قصرِ ابیض کی کنجی تھما دی۔ اس طرح کم از کم عارضی طور دنیا بھر میں امریکی جمہوریت اور اس میں پرامن اقتدار کی منتقلی کا بھرم باقی رہ گیا۔ ملوکیت میں ’جیسا مالک ویسا گھوڑا، کچھ نہیں تو تھوڑا تھوڑا‘ ہوتا ہے یعنی عوام بادشاہ کے دین پر ہوتے ہیں۔ جمہوریت کے اندر ’جیسے عوام ویسا قوام‘ کا معاملہ ہوتا ہے ’پورا نہیں تو آدھا ادھورا‘ کے تحت رہنما اپنے لوگوں کی مرضی کے مطابق چلنے کا ڈھونگ کرتے ہیں حالانکہ حقیقت میں ہر دو نظام میں حکمراں کی من مانی چلتی ہے وہ تو اسلام کی نظام سیاست ہے جس میں حکمراں اور عوام دونوں حکم الٰہی کے پابند ہوتے ہیں۔

☆☆☆

مالک، پبلشر، پرنٹر وایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی - وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# 'مسلمان ملک میں انصاف، اعتدال اور امن کی آواز بنیں'

## پُرامن اور عادلانہ معاشرہ کی تعمیر کے لیے ہمیں اعلیٰ اخلاقی کردار کی ضرورت ہے، حیدرآباد میں منعقدہ کل ہند اجتماع میں سعادت اللہ حسینی کا خطاب



نئی دہلی: وادیِ ہدیٰ گراؤنڈ، پہاڑی شریف، حیدرآباد میں منعقدہ کل ہند اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے، امیر جماعت اسلامی ہند سید سعادت اللہ حسینی نے موجودہ دنیا کے اخلاقی، روحانی، سماجی، سیاسی اور معاشی مسائل اور مشکلات کو اجاگر کرتے ہوئے ارکان جماعت اور امت مسلمہ کو آگے بڑھ کر عدل وقسط کا علمبردار بننے کا پیغام دیا۔ آپ نے ارکان کو ان کی ذمہ داریوں کی یاددہانی کراتے ہوئے کہا کہ "پُرامن اور عادلانہ معاشرہ کی تعمیر کے لیے ہمیں اعلیٰ اخلاقی کردار کی ضرورت ہے۔ اس اجتماع میں اس بڑے پیمانے پر ارکان جماعت کی شرکت تحریک اقامت دین سے ہمارے مضبوط تعلق کی دلیل ہے۔"

اجتماع کے مقاصد پر بات کرے ہوئے، سید سعادت اللہ حسینی کہا کہ "یہ اجتماع تحریکی تجربات کے تبادلے، اعلیٰ مقاصد کے لیے جذبہ قربانی، نظم وضبط، ذہنی وفکری ہم آہنگی کے حصول اور اجتماعی اخلاقی قوت کے اضافے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ دنیا بھر میں اسلام اور اس کی تعلیمات پر جاری عوامی مباحث ہمیں بڑے پیمانے پر شہادت حق کے سنہری مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ہمیں اس ماحول کو اسلام کے حوالے سے مثبت رائے عامہ کی تشکیل کے لیے استعمال کرنا چاہئے۔"

آپ نے مزید فرمایا کہ "جب اعتدال کا راستہ چھوڑ دیا جاتا ہے تو انتہا پسندی جنم لیتی ہے، جو ناانصافی کی طرف لے جاتی ہے۔ ہمیں خود بھی اس سے بچنا چاہیے اور دوسروں کو بھی بچانا چاہیے۔"

مسلمانوں اور دیگر پسماندہ طبقات کو درپیش مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے اتحاد اور ثابت قدمی پر زور دیا اور کہا کہ "موجودہ حالات سخت ضرور ہیں لیکن کامیابی کے راستے سخت مراحل ہی سے ہوکر گزرتے ہیں۔" امیر جماعت نے ارکان کو ان لوگوں سے تحریک لینے کی تلقین کی جو حالات کا ماتم کرنے یا الزام تراشیوں میں مصروف رہنے کے بجائے اپنے کام پر توجہ مرکوز کرتے ہیں، اللہ سبحان تعالیٰ ایسے لوگوں کی مدد فرماتا ہے۔ ایسے افراد کی کارکردگی، ان کے تجربات اور کارنامے ہم سب کے لیے قیمتی سرمایہ ہیں۔" اجتماع میں جماعت کی اعلیٰ قیادت کی نظریاتی اور تنظیمی پہلوؤں پر تقاریر کے علاوہ، قیم جماعت ٹی عارف علی صاحب کی جانب سے جماعت کی گزشتہ دس سالوں کی رپورٹ پیش کی گئی، رپورٹ میں جماعت اور اس سے وابستہ اداروں کی کوششوں اور خدمات کا احاطہ کیا گیا۔ آپ نے کہا کہ "جماعت کے مختلف النوع کام مختلف سطحوں پر معاشرے کو فائدہ پہنچا رہے ہیں اور اس کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ صرف پچھلے 2 سالوں میں، 8 لاکھ سے زائد خاندانوں نے تعلیم، صحت اور معیشت کے حوالے سے جماعت اور جماعت سے وابستہ اداروں سے استفادہ کیا۔ پچھلے 10 سالوں میں 130 سے زائد بلاسودی مائیکروفنانس سوسائٹیوں کے ذریعے، غیر سودی قرضوں کی صورت میں لاکھوں خاندانوں کو سینکڑوں کروڑ روپے فراہم کیے گئے، جس سے ان کی زندگیوں میں بڑی تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ اسی طرح جماعت اور اس سے وابستہ ادارے ہزاروں بے گناہ افراد کو قانونی اور مالی امداد فراہم کر رہے ہیں۔" پہلے دن کے دیگر پروگرامز اور سیشنز میں سماجی بہبود، تعلیم اور ملت کی ترقی سے متعلق مسائل پر بھی بات کی گئی۔ اجتماع میں رکھی گئی خصوصی نمائش 'ادارک تحریک شوکیس' جس کے ذریعے ملک بھر میں عدل وقسط کے قیام اور معاشرے کی تعمیر وترقی کے حوالے سے جاری کوششوں کی نمائش کی جارہی ہے، شرکاء اجتماع کی خصوصی توجہ کا مرکز اور تربیت کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔

## بیرسا منڈا کے یوم پیدائش کے موقع پر

# پی ایم مودی اور راہل گاندھی سمیت متعدد رہنماؤں کا خراج تحسین

عظیم آزادی پسند اور قبائلی عظیم رہنما بیرسا منڈا کے یوم پیدائش کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں نے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ بیرسا منڈا، جنہیں احترام سے 'دھرتی آبا' کہا جاتا ہے، نے اپنی زندگی کو قبائلی حقوق، جنگلات اور زمین کے تحفظ کے لیے وقف کیا۔ ان کے جدوجہد کو آج 'قبائلی فخر کا دن' کے طور پر منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیرسا منڈا کو یاد کرتے ہوئے ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انہوں نے لکھا کہ "بیرسا منڈا نے ملک کی عظمت اور شان کے لیے اپنی جان تک کی قربانی دی۔ قبائلی فخر کے دن ان کو میرا اسلام۔" انہوں نے بیرسا منڈا کو قبائلی حقوق کے جدوجہد کے ایک عظیم رہنما کے طور پر تسلیم کیا۔ راہل گاندھی نے اپنے پیغام میں لکھا کہ "آدیواسی عظیم رہنما، دھرتی آبا بیرسا منڈا جی کی یوم پیدائش پر انہیں سلام۔ ان کی قبائلی ثقافت اور زمین، جنگلات کے حقوق کے لیے قربانی ہمیشہ ہمیں تحریک دیتی رہے گی۔" مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی بیرسا منڈا کی جے نیکا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں وہ بیرسا منڈا کی مورتی پر پھول چڑھاتے نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرسا منڈا نے قبائلی سماج کو ایک کرکے انگریزی حکومت کے خلاف 'اُلگولان' تحریک کی قیادت کی۔ عام آدمی پارٹی کے سربراہ اروند کیجریوال اور کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی اپنے پیغامات میں بیرسا منڈا کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کے جدوجہد کو یاد کیا۔ ملکارجن کھڑگے نے جھارکھنڈ کے لوگوں کو جھارکھنڈ اسٹیبلشمنٹ ڈے کی مبارکباد بھی دی۔ مرکزی وزیر برائے محنت و روزگار، منسکھ مانڈویا نے بیرسا منڈا کو یاد کرتے ہوئے ایک ویڈیو شیئر کی اور قبائلی فخر، فن، اور ثقافت کو بیرسا منڈا کے نام سے موسوم کیا۔

## کھڑگے، راہل اور پرینکا نے گرو پرو پر ہم وطنوں کو دی مبارکباد

نئی دہلی، 15 نومبر (یو این آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، سابق صدر راہل گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے گرونانک دیو کے 555ویں یوم پیدائش پر ہم وطنوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ ان کا پیغام بھائی چارے اور اتحاد کو مزید مضبوطی فراہم کرتا ہے مسٹر کھڑگے نے کہا کہ "ہم شری گرونانک دیو جی کے 555ویں پرکاش اتسو اور گروپرو کے موقع پر سب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، شری گرونانک دیو جی کی تعلیمات نے نہ صرف سکھ مذہب کے بنیادی اصولوں کو قائم کیا بلکہ مذاکرات اور اتحاد کے جذبے کو بھی فروغ دیا۔ اس مقدس دن پر، ہم سچائی، رحم، ہم آہنگی، ہمدردی، بھائی چارے اور برابری کی اقدار کو اپناتے ہوئے ان کے پیغام سے اپنے عہد کی تجدید کریں۔" مسٹر گاندھی نے کہا "گرونانک دیو جی کو ان کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت۔ ان کی زندگی قربانی، سچیہ، خدمت اور خیر سگالی کی علامت ہے۔ ان کی 'سربت دا بھلا' کی تعلیمات ہمیشہ ہماری رہنمائی کرتی ہیں۔ سب کو گرو پرو کی مبارکباد۔" پرینکا گاندھی کہا "اول اللہ نور اپایا، قدرت دے سب بندے ایک نور تے سب جگ اپجایا، کون بھلے کون مندے گرونانک دیو جی کے پرکاش پرو سماج میں پیار مساوات، امن اور ہمدردی کی روشنی پھیلانے کی ترغیب دیتا ہے۔

## نتیش کمار کی وزیر اعظم مودی کو پھر یقین دہانی

# 'ہم لوگ اب کبھی اِدھر اُدھر نہیں جائیں گے!'



جموئی: بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے جمعہ کو ایک عوامی تقریب میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک بار پھر یہ یقین دہانی کرائی کہ ان کی پارٹی اب کبھی اِدھر اُدھر نہیں جائے گی اور وہ ہمیشہ بی جے پی کے ساتھ رہیں گے۔ اس موقع پر وزیر اعظم مودی مسکراتے ہوئے نتیش کمار کی باتیں سن رہے تھے۔ وزیر اعظم مودی جمعہ کو بہار کے جموئی پہنچے جہاں انہوں نے آزادی پسند اور قبائلی عظیم ہستی برسا منڈا کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ 'یوم قبائلی وقار' کے نام سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم مودی نے 6640 کروڑ روپے سے زیادہ کے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اس تقریب میں وزیر اعظم مودی کے ہمراہ موجود تھے اور انہوں نے عوام کو خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ان کی پارٹی ہمیشہ بی جے پی کے ساتھ رہے گی۔ نتیش کمار نے مزید کہا، "بیچ میں کچھ غلطیاں ہوئیں، کچھ لوگوں نے غلط کام کیا لیکن ہم نے طے کرلیا ہے کہ اب ہم کبھی ادھر ادھر نہیں جائیں گے۔ ہم ہمیشہ اٹل بہاری واجپئی کے ساتھ تھے اور اب ہم بی جے پی کے ساتھ رہیں گے۔" انہوں نے وزیر اعظم مودی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مودی پورے ملک کے لیے کام کر رہے ہیں اور بہار کے لیے بھی انہوں نے بہت کچھ کیا ہے۔ انہوں نے کہا، "وزیر اعظم جہاں بھی جاتے ہیں، وہاں کچھ نہ کچھ ترقیاتی کام ضرور ہوتا ہے۔ ان کا خیر مقدم کیا جاتا ہے اور ان کے کام کی ہم تعریف کرتے ہیں۔" قابل ذکر ہے کہ نتیش کمار کی پارٹی جے ڈی یو، این ڈی اے میں شامل ہونے سے پہلے مہاگٹھ بندھن کا حصہ تھی لیکن اب وہ این ڈی اے میں شامل ہو چکی ہے۔ چنانچہ نتیش کمار بار بار عوامی سطح پر یہ یقین دہانی کراتے ہیں کہ ان کی پارٹی اب کبھی بھی مہاگٹھ بندھن کے ساتھ نہیں جائے گی۔

# بہار کو خصوصی ریاست کا درجہ کیوں نہیں دیا گیا، 1.25 لاکھ کروڑ کا وعدہ کہاں گیا؟

## کانگریس کا وزیر اعظم سے سوال، بی جے پی کا 'گرامین اتکرش ابھیان' قانون، قبائلی حقوق اور جنگلات کے قوانین کے خلاف سازش: جے رام رمیش



کانگریس نے جمعہ کے روز وزیر اعظم نریندر مودی پر تنقید کرتے ہوئے بہار کے حوالے سے کئی سوالات اٹھائے اور دریافت کیا کہ ان کے وعدے کے باوجود بہار کو خصوصی ریاست کا درجہ کیوں نہیں دیا گیا؟ کانگریس کے جنرل سکریٹری انچارج شعبہ مواصلات نے کہا کہ وزیر اعظم نے 2014 میں بہار کو خصوصی ریاست کا درجہ دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن آج تک اسے پورا نہیں کیا گیا۔ جے رام رمیش نے نشاندہی کی کہ حکومت کی ملٹی ڈائمینشنل غربت انڈیکس رپورٹ کے مطابق بہار ہندوستان کی غریب ترین ریاست ہے، جہاں 52 فیصد آبادی کو صحت اور تعلیم تک بنیادی رسائی حاصل نہیں ہے۔ جے رام رمیش نے رگھورام راجن کمیٹی کی 2013 کی سفارشات کا حوالہ دیا جس میں معاشی طور پر پسماندہ ریاستوں کی مدد کے لیے ملٹی ڈائمینشنل انڈیکس پر مبنی ایک نئے فنڈنگ ماڈل کی تجویز دی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ دس سال گزرنے کے باوجود حکومت بہار کے خصوصی درجہ کے مطالبے کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی سوال اٹھایا کہ 2015 کے اسمبلی انتخابات میں وزیر اعظم نے بہار کے لیے 1.25 لاکھ کروڑ روپے کے پیکیج کا وعدہ کیا تھا، جس کا محض 27000 کروڑ روپے ہی منظور کیا گیا اور بقیہ پر کوئی اپ ڈیٹ نہیں دیا گیا۔ رمیش نے کہا کہ کیا وزیر اعظم بتا سکتے ہیں کہ باقی رقم کہاں گئی؟ مزید برآں، رمیش نے 'اگنی پتھ' اسکیم پر بھی تنقید کی اور کہا کہ یہ اسکیم نوجوانوں کو گمراہ کرتی ہے کیونکہ اس میں طویل مدتی نوکریاں اور سوشل سکیورٹی موجود نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت اس اسکیم پر نظر ثانی کرے اور مزید کہا کہ کانگریس اگر اقتدار میں آتی ہے تو وہ نوجوانوں کو فوج میں اگنی ویر بنانے کی اسکیم 'اگنی پتھ' کو ختم کردے گی۔

وہیں قبائلی عظیم شخصیت برسا منڈا کی 150ویں جینتی پر کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے وزیر اعظم نریندر مودی پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے ڈی اے جے جی یو اے (ڈاگجوا) قانون کو قبائلی حقوق اور 2006 کے جنگلاتی حقوق قانون (ایف آر اے) کے خلاف سازش قرار دیا۔ جے رام رمیش نے کہا کہ سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے دور میں منظور شدہ جنگلاتی حقوق قانون ایک انقلابی قدم تھا جس نے جنگلات پر اختیار گرام سبھا کو منتقل کیا۔ تاہم، ڈاگجوا قانون کے ذریعے بی جے پی حکومت نے اس قانون کو کمزور کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاگجوا قانون جنگلاتی حقوق قانون کے تحت موجود قانونی اداروں کو غیر موثر بنا کر بیوروکریٹک کنٹرول میں لے آیا ہے۔ اس قانون کے تحت گرام سبھاؤں کے حقوق کمزور کیے گئے اور جنگلات کی دیکھ بھال کے لیے غیر ضروری تکنیکی ایجنسیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ جے رام رمیش نے مثال دی کہ مدھیہ پردیش میں 'ون متر ایپ' کے ذریعے دعووں کے شفاف نظام کو پیچیدہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں لاکھوں دعوے مسترد ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف قانونی حقوق کی خلاف ورزی ہیں بلکہ قبائلیوں کے لیے مزید مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاگجوا قانون گرام سبھا کی خود مختاری ختم کرکے قبائلیوں کو محض جنگلاتی مزدور بنا دیتا ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ کانگریس پارٹی قبائلی حقوق کی حفاظت اور جنگلاتی حقوق قانون کے مکمل نفاذ کے لیے پرعزم ہے۔ جے رام رمیش نے کہا کہ یہ مسئلہ کانگریس کے ایجنڈے کا اہم حصہ رہے گا اور جھارکھنڈ و مہاراشٹر کے عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل میں شامل ہوگا۔ انہوں نے کانگریس کی 'بھارت جوڑو نیائے یاترا' کے دوران راہل گاندھی کے قبائلی منشور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس ایف آر اے کے حقیقی نفاذ کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

# مہاراشٹر میں 23 نومبر کے بعد مہایوتی نہیں رہے گی، ہم حکومت بنا رہے ہیں: سنجے راؤت

ممبئی۔ مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے حوالے سے شیوسینا (یو بی ٹی) کے رہنما سنجے راؤت نے وزیر اعظم نریندر مودی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر کی عوام وزیر اعظم کے بیانات پر اعتماد نہیں کرتی اور یہاں مہاوکاس اگھاڑی میں شیوسینا، کانگریس اور این سی پی اتحاد میں مضبوطی سے ساتھ ہیں۔ راؤت نے مزید کہا کہ یہاں کی عوام کو ان سے زیادہ سیکیورٹی کا احساس ہے۔ سنجے راؤت نے وزیر اعظم مودی کی طرف سے اُدھو ٹھاکرے پر کی گئی تنقید کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ عوام فیصلہ کرے گی کہ کس کا 'ریموٹ کنٹرول' کس کے ہاتھ میں ہے۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ایکناتھ شندے کو دوبارہ وزیر اعلیٰ نہیں بنایا جائے گا اور نہ ہی انہیں اپوزیشن لیڈر کا عہدہ دیا جائے گا، کیونکہ بی جے پی اپنی ضرورت کے لیے شندے اور اجیت پوار کا استعمال کر چکی ہے۔ سنجے راؤت کا کہنا تھا کہ 23 نومبر کو انتخابات کے نتائج کے بعد، مہایُتی کا اتحاد ختم ہوجائے گا کیونکہ اس کے پاس حکومت بنانے کے لیے مطلوبہ اکثریت نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم انتخابات کے بعد مہاراشٹر میں حکومت بنائیں گے۔ مہایُتی کو اکثریت ملنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ واضح رہے کہ 20 نومبر کو مہاراشٹر میں تمام 288 اسمبلی نشستوں پر انتخابات ہوں گے اور 23 نومبر کو نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔

# ریاستی درجے کی بحالی سے ہی حکومت کیلئے کام کرنا ممکن ہوگا: فاروق عبداللہ



جموں 15 نومبر (یو این آئی) جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جمعے کے روز کہا کہ ریاستی درجے کی بحالی سے ہی حکومت کے لئے عوامی راحت کے کام کرنا اور تمام خطوں کو نمائندگی دینا ممکن ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے جتنے بھی وعدے کئے انہیں پورا کیا جائے گا۔ ان باتوں کا اظہار موصوف نے رام بن میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب کے دوران کیا۔

انہوں نے کہا کہ گذشتہ 10 سال سے جموں وکشمیر کے عوام کے مسائل ومشکلات جوں کے توں پڑے ہوئے ہیں اور ان طویل عرصہ کے دوران لوگوں کو صرف سبز باغ دکھائے گئے اور زبانی جمع خرچ سے کام چلایا گیا۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام کو پہاڑ نما مسائل ومشکلات کا سامنا ہے اور اس کیلئے حکومت کو دن رات کام کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے عوام کو راحت پہنچانے کا وعدہ کیا ہے اور ہماری حکومت اپنے اس وعدے پر کاربند ہے۔ حکومت اور نومنتخب ممبران اسمبلی کی حد درجہ کوشش ہے کہ وہ لوگوں تک پہنچیں اور ان کے مسائل ومشکلات کا ازالہ کریں۔ ان کے مطابق افسر شاہی اور عوامی منتخبہ عوامی میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے اور لوگ عوامی حکومت کے قیام کے بعد تبدیلی محسوس کر رہے ہیں، آج ہر ایک علاقے میں لوگوں کی بات سننے والے اور ان کو اُجاگر کرنے والے نمائندے 24 گھنٹے دستیاب ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ بجلی اور پینے کے پانی کی سپلائی میں بہتری اور فیس میں کمی، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرنا، پاسپورٹ اور نوکریوں کیلئے ویری فکیشن کے عمل کو آسان بنانا، نئی سڑکوں کی تعمیر اور پرانے رابطوں کی تجدید اور دیگر بنیادی ضروریات کی دستیابی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور یہ سب اُسی صورت میں آسانی سے ممکن ہوسکتا ہے جب جموں وکشمیر کا ریاست کا درجہ بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی درجے کے بحالی سے ہی یہاں کی حکومت کیلئے عوامی راحت کے کام کرنا اور تمام خطوں کو نمائندگی دینا ممکن ہوسکتا ہے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارٹی سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ لوگوں کیساتھ قریبی رابطہ رکھیں اور آنے والے بلدیاتی اور پنچایتی اداروں کے انتخابات کیلئے آج سے ہی تیاری شروع کردیں۔

## شمال مشرق کے سرمایہ کاروں کا حیدرآباد روڈ شو، میر فراست علی کی شرکت



حیدرآباد۔ شمال مشرق کے سرمایہ کاروں کی چوٹی کانفرنس کے سلسلہ میں حیدرآباد روڈ شو کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ شمال مشرق میں بالخصوص سیاحات کے شعبہ میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع ہیں۔ سابق ترجمان تلنگانہ بی جے پی میر فراست علی باقری نے حیدرآباد کے سرمایہ کاروں کو شمال مشرق میں سرمایہ کاری کی دعوت دی تاکہ یہ علاقہ ترقی کر سکے۔

اُن کی اپیل پر کافی جوش وخروش کا مظاہرہ کیا گیا اور کئی سرمایہ کاروں نے شمال مشرق میں سرمایہ کاری کیلئے پہل کی۔ روڈ شو کے سلسلہ میں پارک ہوٹل میں نشست کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ گورنر میزورم ہری بابو کم بھم پتی، مرکزی وزیر مملکتی تعلیم وفروغ شمال مشرق سوکانتا مجمدار اور شمال مشرق کے متعلقہ ڈپارٹمنٹ کی جوائنٹ سکریٹری مونالیزا ڈیاش کے علاوہ فراست علی باقری نے نشست میں شرکت کی۔

## علامہ اقبال اور مولانا آزاد کی شخصیت اور کارناموں پر مبنی کوئز مقابلہ کا انعقاد



چنڈی گڑھ: شعبہ اردو پنجاب یونیورسٹی، چنڈی گڑھ میں علامہ اقبال اور ابوالکلام آزاد کی حیات وخدمات پر مبنی ایک کوئز کمپٹیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں شعبہ اردو و شعبہ فارسی کے طلبہ نے شرکت کی۔ مقابلے کے آغاز میں صدر شعبہ اردو ڈاکٹر علی عباس نے علامہ اقبال اور مولانا ابوالکلام آزاد کی زندگی اور ان کے افکار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ دونوں شخصیات ہماری قوم وملت کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ ان کے افکار ونظریات انسانی اقدار کی بہتر تعمیر میں بے حد معاون ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جہاں اقبال کے فلسفوں نے مرد کامل بننے پر زور دیا وہیں ابوالکلام آزاد کے افکار نے قوم کے اندر تعلیمی بیداری پیدا کرکے بہتر تہذیب کی تعمیر میں اہم کردار ادا کیا جس کی مثالیں اقبال کی نظموں اور آزاد کے خطوط ومضامین میں جا بجا مل جاتی ہیں۔ ڈاکٹر عباس نے مزید کہا کہ دونوں کی ذات روشن چراغ کی مانند ہیں جو ہمیشہ آنے والی نسلوں کی رہنمائی کرتی رہیں گی۔ کوئز مقابلے کی صدارت کرتے ہوئے پروفیسر ریحانہ پروین نے علامہ اقبال کی نظموں کے حوالے سے کہا کہ اقبال کی شاعری پڑھ کر ہر دور کے لوگ یہ محسوس کرتے ہیں کہ اقبال نے ہمارے ہی دور کے لئے یہ نظمیں لکھی ہیں۔ ڈاکٹر صاحبہ نے معروضی سوالات کے مقابلے میں شامل ہونے والے طلبا وطالبات کی حوصلہ افزائی بھی کی اور انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔ واضح ہو کہ اس پروگرام میں علامہ اقبال کے مجموعوں کی مناسبت سے دو ٹیمیں تشکیل دی گئیں، جن کے نام بال جبریل اور ضرب کلیم تھے۔ بال جبریل کی سرپرستی ڈاکٹر زرین فاطمہ اور ضرب کلیم کی رہنمائی ڈاکٹر ذوالفقار علی کر رہے تھے۔ یہ کوئز مقابلہ تین راؤنڈ پر مشتمل تھا، بالآخر بال جبریل نے مقابلے میں کامیابی حاصل کی۔ مقابلے کے آخر میں شعبہ کی استانی ڈاکٹر زرین فاطمہ نے طلباء کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس قسم کے پروگرام سے طلباء میں علمی جوش و بیداری پیدا ہوتی ہے۔ پروگرام کے اختتام پر فارسی کے استاد ڈاکٹر ذوالفقار علی نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقریب ہمارے طالب علموں کو مولانا آزاد اور اقبال کے افکار سے روشناس کرانے کی ایک کوشش تھی اور یہ روایت آگے بھی جاری رہے گی جس سے ہمارے طلبہ اردو و فارسی کی علمی و ادبی شخصیات کے افکار اور نظریات سے باخبر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صالح اور مستحکم معاشرہ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

# سارک لٹریری ایوارڈ اردو کو ملنا پوری اردو برادری کیلئے فخر کی بات ہے: پروفیسر خالد محمود

## پروفیسر شہپر رسول کی خدمت میں سارک لٹریری ایوارڈ تفویض کیے جانے پر اردو اکادمی دہلی میں تہنیتی جلسہ کا انعقاد




نئی دہلی: 15 نومبر۔ اردو کے مشہور ومعروف شاعر و ادیب، وائس چیئرمین اردو اکادمی دہلی و سابق صدر شعبۂ اردو جامعہ اسلامیہ پروفیسر شہپر رسول کی خدمت میں گزشتہ دنوں انٹرنیشنل ادبی تنظیم سارک لٹریری فاؤنڈیشن کی جانب سے سارک لٹریری ایوارڈ تفویض کیے جانے پر 14 نومبر کو قمر رئیس سلور جبلی آڈیٹوریم، اردو اکادمی، دہلی میں ایک پروقار تہنیتی جلسہ کا انعقاد کیا گیا۔ اس جلسہ کی صدارت کرتے ہوئے پروفیسر خالد محمود نے کہا کہ ایک ایسی قدیم اور سرگرم ادبی تنظیم جس کا دائرہ کار سارک ممالک میں پھیلا ہوا ہے۔ پچاس برسوں سے زائد سے یہ سارک ممالک کے سبھی زبانوں کے فروغ میں سرگرم عمل ہے، وہاں سے یہ ایوارڈ ہمارے ساتھی کو ملتا ہے تو یہ صرف اس کے لیے نہیں بلکہ پوری اردو برادری کے لیے فخر کی بات ہے۔ اس موقع پر انہوں نے خاکہ "قصہ شہپر رسول کا" بھی پیش کیا۔ جس سے محفل بہت ہی زیادہ لطف اندوز ہوئی۔

اس جلسہ کی نظامت ڈاکٹر خالد مبشر نے کی۔ نظامت کے دوران انھوں نے سارک لٹریری فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ چھیاسٹھواں جلسہ تھا جس میں استاد محترم کو ایوارڈ تفویض کیا گیا۔ ان کے ساتھ ہی بنگلہ دیش، بھوٹان میانمار اور سری لنکا کے ادیبوں سمیت کئی دیگر ممالک کے ادیبوں کو بھی ایوارڈز تفویض کیے گئے۔ پروگرام پروفیسر شہپر رسول کے استقبال سے شروع ہوا، جس میں گورننگ کونسل کے ممبران میں سے پروفیسر معین الدین جینا بڑے، خورشید اکرم، ڈاکٹر شبانہ نذیر، علیم الدین اسعدی، فیروز صدیقی، دوست محمد نبی خاں، محمد مزمل، ضیاء اللہ، محمد عارف اور ڈاکٹر جاوید حسن نے انہیں گلدستہ اور دیگر تحائف پیش کر کے استقبال کیا۔ اس کے بعد تاثراتی خطاب کے تحت ڈاکٹر شبانہ نذیر نے ان کی شخصیت و شاعری پر بات کی۔ پروفیسر کوثر مظہری نے کہا کہ اس ایوارڈ سے صرف شہپر رسول کا نہیں بلکہ اردو والوں کا قد اونچا ہوا ہے۔ شہپر صاحب محتاط شخص کے ساتھ محتاط شاعر بھی ہیں اس لیے ان کی شاعری میں بھی الفاظ بہت محتاط نظر آتے ہیں۔ ان کے بعد پروفیسر معین الدین جینا بڑے، پروفیسر احمد محفوظ اور جناب علیم الدین اسعدی نے بھی مبارکباد پیش کرتے ہوئے تاثراتی کلمات کہے۔ اس موقع پر پروفیسر شہپر رسول نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان میں منعقد سارک لیٹریری فیسٹول کے سفر کی روداد سنائی اور یہ بتایا کہ یہ واحد فیسٹول ہوتا ہے جس میں چوٹی کے ادیب شریک ہوتے ہیں، اُس موقع پر ہندوستان سے میں اور جیلانی بانو شامل ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنے سبھی دوست واحباب اور مخلصین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اردو اکادمی دہلی کے سکریٹری محمد احسن عابد نے کلمات تشکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ سارک لٹریری ایوارڈ اردو کو ملنا پوری اردو برادری کے لیے فخر کی بات ہے اور خصوصا اردو اکادمی کے لیے بھی کیونکہ یہ اردو والوں کا دیا ہوا ایوارڈ نہیں ہے بلکہ ایک قدیم عالمی ادبی تنظیم کا دیا ہوا ایوارڈ ہے۔ جلسہ میں عمائدین شہر کے علاوہ شہپر رسول کے افراد خانہ بھی شریک تھے۔

